ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر جنید خان اور سلو اوور ریٹ کے باعث سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم پر جرمانہ عائد

لاہور،2نومبر2019ء:

قائداعظم ٹرافی کے پانچویں راؤنڈ کے میچ میں خیبرپختونخوا کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر جنید خان پر نامناسب زبان کا استعمال کرنے پر میچ فیس کا 40 فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا ہے۔ جنید خان کو بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں بلوچستان کے خلاف میچ میں کھلاڑی، اسپورٹ اسٹاف، امپائر یا میچ ریفری کے خلاف نامناسب زبان کے استعمال سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

بدھ کے روزپیش آنے والے واقعہ میں خیبرپختونخوا کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر جنید خان کو امپائرز شمیم انصاری کے خلاف نامناسب زبان کا استعمال کرتے ہوئے دیکھا گیا۔

آن فیلڈ امپائرز شمیم انصاری اور غفار کاظمی نے جنید خان کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.6کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

جنید خان کی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری محمد اسلم نے خیبرپختونخوا کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر پر میچ فیس کا 40 فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا۔

دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ نے سلو اوور ریٹ کے باعث سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم پر جرمانہ عائد کردیا ہے۔

اقبال اسٹیڈیم فیصل آبادمیں کھیلے گئے قائداعظم ٹرافی کے پانچویں راؤنڈ کے میچ میں سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم نے مقررہ وقت سے4 اوورز کم کیے ۔ قوانین کے مطابق سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم پر 40 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

میچ ریفری ندیم ارشد نے سنٹرل پنجاب کرکٹ ٹیم پر جرمانہ عائد کردیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk